SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

محکمے کے احتیاطی تدابیر اور ابتدائی تشخیص کے پروگرام
(کینسر سکریننگ)

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 679/2016 کا آرٹیکل 13-جی ڈی پی آر

اس دستاویز کے ساتھ مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، محکمے کے احتیاطی تدبیر اور ابتدائی تشخیص کے پروگرام (کینسر سکریننگ) کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں

قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

جو ذاتی معلومات طلب کی جاتی ہیں وہ ہیلتھ سروسز مہیا کرنے اور ان کے انتظامات کے لیے ضروری ہوتی ہیں اور پیشہ ورانہ صیغہ رازی، دفتری رازداری اور پرائیویسی کے قانون کے اصولوں کے مطابق، واضح طور پر سکریننگ سروسز کے مجاز اہلکار استعمال کرتے ہیں۔

قانون کے مطابق مندرجہ بالا سروسز کو، ذاتی ڈیٹا اور صحت کے بارے معلومات کے استعمال کے لیے **رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔**

ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ یہ ڈیپارٹمنٹ، الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ (جن لوگوں نے اس کو فعال کیا ہے) کے ذریعے، جنرل پریکٹیشنر (جی پی) کے ذریعے اور عام ڈاک کے ذریعے گھر پر اسکریننگ پروگرام کے لئے دعوت نامہ اور یاد دہانی کا خط بھیجتے ہیں۔

یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے

ذاتی معلومات صرف ان اداروں سے شیئر کی جاتی ہیں جو اسکریننگ کے عمل میں حصہ لیتے ہیں، جہاں تک ان کا خصوصی تعلق ہوتا ہے اور جو ان کے دائرہ کار کے لیے ہوتی ہیں۔

اس کے علاوہ، مجموعی شکل میں، ڈیٹا کو انتظامی اور اکاؤنٹنگ کے امور کی سرگرمیوں کے لئے ریجن میں بھیجا جاتا ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے تا کہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جاسکے۔

ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے۔

متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena

رابطہ

اسکریننگ کا ٹال فری نمبر 800 300315